Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون: ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی

جلد ۷۲ | ہفتہ ۳ شعبان ۱۴۱۲ھ، ۸ تبلیغ ۱۳۷۱ ہش، ۸ فروری ۱۹۹۲ء | نمبر ۳۱

حضرت سیدہ آصفہ بیگم صاحبہ حرم محترم حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے بارے میں تازہ اطلاع اور درخواست دعا

مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب نے لندن سے جو دو رپورٹیں بھجوائی ہیں وہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں:

۴ فروری: حضرت سیدہ بیگم صاحبہ حرم محترم سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارہ میں مکرم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی آج کی رپورٹ یہ ہے کہ

باقی صفحہ پر

دعوت الی اللہ ایک وسیع نظام کا نام ہے جس میں جماعت کی انتظامیہ کو بھرپور حصہ لینا ہوگا

داعیانِ الی اللہ کی ضروریات پوری کرنا، ان کی تربیت کرنا، ان پر نظر رکھنا اور دن بدن دعوت الی اللہ کیلئے تیار کرتے رہنا نظام جماعت کے کام ہیں

داعیانِ الی اللہ کو تازہ دم رکھنے کے لئے ماضی کے داعیان کے تجارب ان کے علم میں لائے جائیں

خطبہ جمعہ فرمودہ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ (الرابع) ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بتاریخ ۱۳ فتح ۱۳۷۰ ہش (۱۳ دسمبر ۱۹۹۱ء) بمقام بیت الفضل، لندن

سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ (الرابع) ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:-

مراکزِ دعوتِ الی اللہ کے قیام کی ضرورت

"دعوت الی اللہ کے کام کو زیادہ منظم اور مرتب کرنے کے سلسلہ میں میں کچھ ہدایات دے رہا ہوں۔ اس سلسلہ میں ایک بہت ہی اہم چیز یہ ہے کہ ہر ملک میں کم از کم ایک مرکزِ دعوت الی اللہ کے مستقل قیام کی ضرورت ہے۔ اب یہاں انگلستان میں جہاں لندن میں ہیڈ کوارٹر ہے وہاں اگر کوئی باہر سے دعوت الی اللہ کرنے والا حاضر ہو یا اپنے کسی دوست کو لے کر آئے تو کوئی ایسا الگ ہال یا کمرہ نہیں ہے جہاں دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں ہر قسم کی ضرورتیں بھی مہیا ہوتی ہوں اور دعوت الی اللہ کے کام کو سکھانے کے لئے انتظام بھی موجود ہو۔ اس سلسلہ میں جس قسم کے مرکز کا قیام میرے ذہن میں ہے میں اس پر مزید تفصیل سے روشنی ڈالتا ہوں۔ میرے خیال میں ہر جگہ جہاں کوئی مربی ہو یا تمام بڑی جماعتوں میں یا کم از کم آغاز میں ملک کے ہیڈ کوارٹر میں جہاں ملک کا مرکز ہو وہاں ایک جگہ خصوصیت سے دعوت الی اللہ کے لئے مخصوص کرنی چاہیئے اور اس میں دعوت الی اللہ میں استعمال ہونے والی وہ تمام ضروریات مہیا ہونی چاہئیں جن کا خصوصیت سے اس ملک سے تعلق ہو۔ کچھ تو ایسی ضروریات ہیں جو تمام دنیا میں مشترک ہیں اور کچھ ایسی ہیں جن کا مختلف ملکوں سے خصوصی تعلق ہوتا ہے۔ پس جو مشترک ضروریات ہیں وہ تو ہر ملک میں اسی طرح ہوں گی لیکن خصوصی ضروریات مثلاً گھانا سے تعلق رکھنے والی، بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والی، امریکہ یا کینیڈا سے تعلق رکھنے والی، یہ انہی ممالک میں ہوں گی جہاں ان کی ضرورت ہے۔

اس سلسلہ میں سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ایسے مرکز میں قرآن کریم کے مختلف تراجم موجود ہونے چاہئیں۔ یعنی اس حد تک موجود ہونے چاہئیں جس حد تک اس ملک میں ضرورت پیش آسکتی ہے۔ وسیع لائبریری الگ موجود ہے یعنی ہدایت ہے کہ ہر ملک میں قائم کر دی جائے اس لئے اس لائبریری کا اعادہ مقصود نہیں مگر اس میں سے وہ حصہ جس کی اس ملک میں دعوت الی اللہ کے لئے ضرورت ہے وہ منتخب کر کے اسے ضرور وہاں اس کمرہ میں سجانا چاہیئے۔ مثلاً اگر بنگال ہے تو قرآن کریم کا بنگلہ ترجمہ اور اس سلسلہ میں جماعت کی طرف سے جو اور خدمات کی گئی ہوں ان کے وہ سارے نمونے موجود ہونے چاہئیں۔ اسی طرح بنگال میں جو دوسری اقلیتیں پائی جاتی ہیں جن کی زبان الگ ہے لیکن بنگال میں ایک معقول تعداد میں وہ لوگ موجود ہیں ان کے لئے بھی ضرورت کا سامان مہیا ہونا چاہیئے مثلاً چٹاگانگ کے علاقہ میں بعض ایسی جگہیں ہیں جہاں برمی زبان سمجھی جاتی ہے اس لئے اگر چٹاگانگ میں یہ مرکز قائم ہو تو برمی زبان کا لٹریچر بھی وہاں موجود ہونا چاہیئے۔

اس کے علاوہ ہر دعوت الی اللہ کرنے والے کے لئے معلومات مہیا ہونی چاہئیں کہ یہاں کیا کیا ہے اور اس کے باقاعدہ چارٹس بن کر اس کمرے میں لٹکنے چاہئیں جو تعارف کا رنگ رکھتے ہوں گے۔ مثلاً یہ ذکر ہو کہ ہمارے پاس آڈیو ویڈیو میں یہ یہ چیزیں یہاں موجود ہیں ان کو دکھانے کا انتظام موجود ہے۔ ان ان زبانوں میں یہ چیزیں موجود ہیں اگر آپ میں سے کسی کو دلچسپی ہو تو ان کو دکھانے کا انتظام کیا جا سکتا ہے یعنی یہ حصہ لکھنا ضروری نہیں لیکن یہ بتانا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ لٹریچر میں سے مختلف زبانوں میں جو لٹریچر موجود ہے اس کا تعارف ہو تا کہ آنے والا سب سے پہلے اس چارٹ کو ملاحظہ کر کے یہ معلوم کرے کہ ہمارے پاس یہاں کیا کچھ ہے۔ اس کے بعد اس کمرے میں تمام ضروری لٹریچر بھی جو (دعوت الی اللہ) کے سلسلہ میں استعمال ہوتا ہو وہ موجود ہونا چاہیئے۔ آڈیو ویڈیو کیسٹس کے نمونے ہونے چاہئیں اور ان کے دکھانے کا انتظام ہونا چاہیئے اور وہ لٹریچر جس کے متعلق یہ خیال ہو کہ اس کا مطالبہ ہو سکتا ہے اس کا سٹاک کسی جگہ موجود ہونا چاہیئے۔ اس کمرے کے معائنہ کے بعد اگر کسی کو کسی خاص کتاب میں، کسی آڈیو ویڈیو میں دلچسپی پیدا ہو تو معلوم ہو کہ وہ کیسے حاصل کی جائیں گی اور کتنی دیر میں وہ مہیا ہو سکتی ہیں۔ وہ چیزیں جو قیمتاً مہیا ہوتی ہیں ان کے متعلق معلوم ہونا چاہیئے۔ جو جماعت کی طرف سے تحفۃً

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پیش کی جا سکتی ہیں ان کے متعلق معلومات مہیا ہونی چاہئیں۔ غرضیکہ ایک ایسا کمرہ ہو جس میں اُٹھنے بیٹھنے کا بھی انتظام ہو۔ اگر چائے وغیرہ کی سہولت مہیا کی جا سکے تو اور بھی بہتر ہے ورنہ کم از کم (دعوت الی اللہ کی) ضروریات کے سلسلہ میں تمام چیزیں موجود ہونی چاہئیں۔

حوالوں کی صحت کی مشکلات

اس کے علاوہ ہمارے لٹریچر میں جو حوالے مذکور ہیں۔ جو کثرت سے استعمال ہونے والے ہیں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔ کچھ کا عیسائیت سے تعلق ہے، کچھ کا ہندو ازم سے، کچھ کا سکھ ازم سے، بالعموم یہ دیکھا گیا ہے کہ جب دعوت الی اللہ کرنے والے کو کوئی سوال کرتا ہے کہ تم نے جو فلاں اقتباس بتایا ہے کہ ہماری کتابوں میں موجود ہے یہ دکھاؤ کہاں ہے تو دو طرح کی مشکلات پیش آتی ہیں۔ اوّل یہ کہ اصل کتاب اس مُلک میں ہی موجود نہیں ہوتی۔ دوسرے حوالے ناقص ہوتے ہیں اور ہمارے پرانے طبع شدہ لٹریچر میں یہ بہت بڑی مشکل ہے کہ حوالوں کا انداز مضمون نگار کے سے انداز کا تھا۔ واقعاتی طور پر صحت کے ساتھ اعداد و شمار درج کرنے کا رجحان ہر شخص میں نہیں پایا جاتا۔ اس زمانہ میں جو مضمون لکھنے والے مضمون نگار تھے وہ بڑے اچھے اچھے دعوت الی اللہ کی مہارت رکھنے والے لوگ تھے۔ لیکن کتابوں کے حوالوں کے فن سے ناواقف تھے اور چونکہ سچ بولنے والے تھے اس لئے وہ اپنے بھول پن میں یہ سمجھنے لگ جاتے تھے کہ ہم نے تو حوالہ دیکھا ہے ہم جانتے ہیں کہ سچا ہے۔ بس یہی کافی ہے اور ذکر کر دیا کہ فلاں جگہ حوالہ موجود ہے اور اکثر علمی کتابیں جو شائع بھی ہوئیں ان میں ایسے حوالے ہیں کہ دیکھئے، بدر سن انیس سو فلاں یا الحکم انیس سو فلاں۔ اور اس حوالے سے آگے پھر وید کا حوالہ یا گیتا کا حوالہ ہے یا بائیبل کا حوالہ ہے حالانکہ معمولی سی بات ہے کہ جو کتابیں مستقل نوعیت کی ہیں سب دُنیا میں شائع شدہ ہیں۔ ان کے حوالوں کی تلاش کے لئے کوئی بدر کے فلاں سن کے پرچے میں جائے گا اور وہاں سے جا کر ڈھونڈے گا؟ تو مضمون نگاروں نے اپنے بھول پن میں یا سہل انگاری سے ایسے حوالے درج کر دیئے جن تک پہنچنا ہر کس و ناکس کا کام نہیں ہے اور ان کی تلاش ان رستوں سے بے ضرورت ہے جو رستے وہاں دکھائے گئے ہیں۔ پھر جب ان حوالوں کو دیکھا جاتا ہے جو اصل کتاب کے ہیں تو بسا اوقات یہ دقت پیش آتی ہے کہ وہاں ایڈیشن کا ذکر نہیں کہ کس ایڈیشن کے کس صفحہ کا حوالہ ہے گویا کہ صرف ایک ہی ایڈیشن ساری عمر میں اس کتاب کا شائع ہوا ہے اور جو شخص بھی کہیں سے وہ کتاب اٹھائے گا اس کو سیدھا اس صفحہ پر وہ حوالہ دکھائی دے گا تو کئی دعوت الی اللہ کرنے والوں کو بڑی شرمندگی ہوتی ہے جب اصل کتاب دکھائی جائے تو وہاں سے کچھ بھی نہیں نکلتا حالانکہ حوالے موجود ہیں۔ پھر ترجموں سے متعلق اعتراضات کئے جاتے ہیں کہ یہ ترجمہ ہم تسلیم نہیں کرتے اور اس کے لئے مستند ترجمہ کرنے والے کی کتاب پیش کی جاتی ضروری ہے اور ایک سے زیادہ ایسے ترجموں کے حوالے دینے چاہئیں جو مدِ مقابل کو منظور ہوں۔ اس لئے بہت ضروری ہے کہ حوالوں کے سلسلہ میں دعوت الی اللہ کے مرکز میں کچھ ایسا مواد موجود ہو جسے (دعوت الی اللہ) کا شوق رکھنے والے، روزمرّہ اگر وہ آ سکتے ہیں ورنہ کبھی کبھی جب بھی آ سکیں، آ کر دیکھیں، ان حوالوں کا مطالعہ کریں اور خود تسلی پکڑ لیں کہ ہاں یہ چیز اس شکل میں فلاں جگہ موجود ہے۔

اصل حوالوں کی فوٹو سٹیٹ مہیا کی جائے

اس سلسلہ میں ایک دقت یہ ہے کہ اگر یہ ساری اصل کتب مہیا کی جائیں تو بہت ضخیم لائبریری بن جائے گی۔ اس لئے ہم نے اس کا یہ علاج سوچا ہے کہ اصل کتب سے فوٹو سٹیٹ یعنی عکسی تصویریں اتار کر ان کے حوالے وہاں اکٹھے کر دیئے جائیں اور منضبط کر دیئے جائیں تاکہ جس طرح کمپیوٹر کے ذریعہ معلومات حاصل کی جاتی ہیں اسی طرح ان حوالوں تک پہنچنے کے لئے کوئی ایسا چھوٹا سا کتابچہ ہو جس کی مدد سے ایک شخص معیّن طور پر معلوم کر سکے کہ جس حوالے کی مجھے ضرورت ہے اس کی عکسی تصویر کہاں ہے اور عکسی تصویر کی کچھ کتابیں بنوائی جا سکتی ہیں وہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں ایک دو عکسی تصویروں کی کتابیں بنوا کر ہم نے ایک دفعہ تمام مشنز کو بھجوائی بھی تھیں۔ جو روزمرّہ کے استعمال ہونے والے جماعت کے حوالے ہیں وہ ان پر مشتمل تھیں لیکن ہر مذہب کے لئے خصوصی حوالوں کی کتابیں تیار ہونی چاہئیں۔ ایک دفعہ میں کوئٹہ میں ایک مجلسِ سوال و جواب میں شامل ہوا تھا وہاں ایک شخص نے اعتراض کر دیا کہ آپ پرانوں کا حوالہ دے کر حضرت مسیحؑ کے کشمیر کے سفر کا ذکر کرتے ہیں لیکن جو حوالہ آپ نے دیا ہے یہ تو ہے ہی نہیں یہ حوالہ غلط ہے اور میں ثابت کر سکتا ہوں۔ ان کے پاس کوئی ایسی کتاب ہوگی جس میں وہ حوالہ مختلف طریق پر درج ہوگا یا مختلف صفحوں پر درج ہوگا۔ ہمارے درج کرنے والے نے جس کتاب کا حوالہ دیا اس کے صفحے اور تھے۔ اس کی ترتیب اور تھی تو اس وقت فوری طور پر تو میں اس کے چیلنج کو قبول نہیں کر سکتا تھا کیونکہ میں خود نہیں جانتا تھا کہ وہ حوالہ کہاں ہے اور اس کا ترجمہ بھی درست ہے یا نہیں لیکن اس سے میں نے کہا کہ یہ میں یقین دلاتا ہوں کہ حوالہ ضرور موجود ہے اور درست موجود ہے۔ کیونکہ حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) نے لکھا ہے۔ اس میں غلطی کا کوئی دُور کا بھی شائبہ نہیں ہے۔ لیکن میں جا کر تلاش کروں گا۔ کوئٹہ سے ربوہ آ کر تلاش کرنے کے بعد اس حوالے کا علم ہوا اور یہاں انگلستان آنے کے بعد ایک پنڈت صاحب کو میں نے وہ حوالہ بھجوایا اور ان سے درخواست کی کہ آپ خود اس کا ترجمہ تفصیل سے کر کے دیں۔ تفصیل سے مراد یہ تھی کہ اس حوالے سے کچھ پہلے کی آیات کا بھی اور کچھ بعد کی آیات کا بھی یا آیات نہ کہیں تو فقرات کا ترجمہ تاکہ سیاق و سباق کا علم ہو سکے۔ انہوں نے جب وہ ترجمہ کر کے بھیجا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ ہمارے ہاں شروع سے جو ترجمہ مروّج ہے اس کے مقابل پر یہ ترجمہ ہماری بہت زیادہ تائید کرنے والا ہے۔ مثلاً اس حوالے میں راجہ شال باہن کا ذکر ہے، یوز آسف کا ذکر ہے لیکن مسیحؑ کا ذکر نہیں ملتا۔ ہمارے ترجمے جو عام طور پر مروّج ہیں ان میں مسیحؑ کا نام نہیں ملتا لیکن یہ ہندو پنڈت جس کو علم بھی نہیں تھا کہ میں کیوں اس کا ترجمہ کروا رہا ہوں۔ اس نے جب یوز آسف کا ذکر کیا تو یوز آسف کے ضمناً ایک ذکر کے بعد جب اس کا اصل ذکر اس طرح آتا ہے کہ راجہ شال باہن کا اس نئے آنے والے کے ساتھ سوال و جواب ہوا جس کو انہوں نے وادی میں اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ پھرتے ہوئے دیکھا تھا تو اس سوال و جواب میں راجہ شال باہن نے جب اس آنے والے اجنبی سے پوچھا کہ آپ کا نام کیا ہے تو انہوں نے کہا: مشیحو۔ اور مسیح اور مشیح یہ ایک ہی چیز کے دو تلفظ ہیں اور بعد میں بھی مسیحو نام ہے۔ وہ ذاتِ مبارک اپنے آپ کو متعارف کراتی رہی اور اسی حوالے سے بات کرتی رہی چنانچہ جو تفصیلی حوالہ ہے وہ بہت زیادہ قوی شواہد ہماری تائید میں رکھتا ہے۔ تو یہ جو ایک عادت پڑ چکی ہے کہ پرانے حوالے جس قسم کے بھی درج ہوتے ہیں ان کو اسی طرح لئے چلو اور اصل کو دیکھو ہی نہ اس سے دعوت الی اللہ کے کام کو بہت نقصان پہنچتا ہے اور دعوت الی اللہ کا کام کرنے والے کا دماغ بھی وسعت اختیار نہیں کرتا۔ یہ عادت پیدا کرنی چاہئے اور اس عادت کو پورا کرنے کے لئے سامان مہیا کرنے چاہئیں کہ دعوت الی اللہ کرنے والے جماعت کی طرف سے جو حوالے پیش کرتے ہیں وہ خود ان حوالوں کا مطالعہ کریں اور مختلف پہلوؤں سے ان کا مطالعہ کر کے، جائزہ لے کر اپنے دل کو پوری طرح اطمینان دلائیں کہ جماعت احمدیہ جو بات کہتی ہے سو فیصدی درست ہے اور اگر کوئی اس کو چیلنج کرے تو اس کے مقابل پر اس کو بُلا کر دکھا سکیں۔ اصل کتاب کی فوٹو سٹیٹ اگر دکھا دی جائے تو اس سے بہت حد تک تسلی ہو جاتی ہے لیکن چونکہ یہ دعوت الی اللہ کے لئے قطعی ذریعہ ہے مگر آنے والا ممکن ہے یہ کہے کہ نہیں! اصل کتاب دیکھنا چاہتا ہوں تو اس کی اصل کتاب کے متعلق بھی یہ معلومات ہونی چاہئیں کہ کہاں موجود ہے۔ اگر اس مُلک میں موجود نہیں ہے تو کس جگہ موجود ہے۔ اس کی کسی لائبریری سے پتہ کرنا چاہئے کہ اس مُلک کی کسی لائبریری میں موجود ہے کہ نہیں۔ چنانچہ اس کے متعلق بھی معلومات ہونی چاہئیں۔ بہت سی کتابیں ہیں جن میں ایک اور نقص یہ پیدا ہو جاتا ہے کہ حوالہ اس وقت کے لحاظ سے درست تھا لیکن بعد میں تبدیلیاں پیدا کر لی گئیں اور چونکہ وہ مخصوص حوالہ جماعت احمدیہ کی تائید میں ایک روشن نشان کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس لئے مدِ مقابل نے تحریف سے کام لیتے ہوئے بعد میں جو کتب شائع کیں ان میں سے وہ حوالہ غائب کر دیا گیا۔

مولوی دوست محمد صاحب نے اس سلسلہ میں ایک دفعہ تحقیق کر کے ایک بہت ہی عمدہ مضمون شائع کیا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ بعض (لوگوں) نے احادیث میں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بھی تحریف کرنے سے گریز نہیں کیا (۔) اسی طرح عیسائیوں نے تحریف سے کام لیا ہے۔ بائیبل کے بعض پرانے نسخوں میں اسلام کی تائید میں کھلا کھلا حوالہ موجود ہے لیکن بعد میں شائع ہونے والے نسخوں میں وہ حوالہ موجود نہیں ہے۔ جنم ساکھی بھائی بھالا سکھوں کے لئے اتنی مقدس کتاب ہے لیکن وہاں بھی ایک جگہ تحریف سے کام لیا گیا ہے۔ مثلاً وہ حوالہ جس میں بٹالہ کے پرگنہ میں ایک گرو کے ظاہر ہونے کی خوشخبری حضرت بابا گرو نانک نے دی جس کے متعلق فرمایا کہ وہ بھگت کبیر سے بھی بڑا ہوگا۔ اب بڑی معین پیشگوئی ہے لیکن اب آپ کہیں جنم ساکھی بھالا کو اٹھا کر دیکھیں تو آپ کو وہ پیشگوئی دکھائی نہیں دے گی لیکن ہمارے لٹریچر میں اس کا ذکر موجود ہے۔ اسی طرح حضرت اقدس (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) نے مختلف کتابوں کے بہت سے حوالے دیئے ہیں جن کتابوں میں بعد میں تحریف کر لی گئی اور بعد کے ایڈیشنز میں ان کا ذکر نہیں ملتا تو دعوت الی اللہ کا کام بہت احتیاط کا کام ہے اور بہت غور اور فکر کے ساتھ اس کے سارے پہلوؤں پر نظر رکھنا ضروری ہے۔ پس معلوم کرنا چاہیئے اور اگر کسی ملک میں ایسے وسائل نہ ہوں کہ وہ خود معلوم کر سکیں تو مرکز کو لکھ کر اپنی اپنی مشکلات پیش کریں اور تمام وہ حوالے جن کا روزمرہ کسی ملک میں استعمال ہوتا ہو کم از کم ان حوالوں کی مگر کوشش یہی کرنی چاہیئے کہ زیادہ سے زیادہ حوالوں کو ایسے رنگ میں محفوظ کر لیا جائے کہ جب بھی کوئی اس کے متعلق مزید جستجو کرنا چاہیئے اس کے پاس کافی مواد موجود ہو۔ حوالوں کو ترتیب دی جائے۔ اصل اقتباسات کی فوٹو سٹیٹس یعنی عکسی تصویریں مہیا کی جائیں۔ اور ان سے متعلق مختصر تعارف کرایا جائے کہ یہ فلاں ایڈیشن میں موجود تھا بعد کے ایڈیشنز میں تحریف ہوئی۔ تحریف شدہ ایڈیشنز کے فوٹو سٹیٹس بھی ساتھ شامل کئے جائیں۔ یہ معلومات مہیا کی جائیں کہ فلاں فلاں لائبریری میں یہ مواد آج بھی موجود ہے اور مثلاً اگر برٹش میوزیم کی لائبریری میں کوئی پرانی کتاب اصل صورت میں موجود ہے تو اس سے مصدقہ نقول حاصل کرنی چاہئیں کیونکہ جب ان باتوں کا چرچا ہو اور دشمن اپنے آپ کو مغلوب دیکھے تو بعض دفعہ شرارت کرتا ہے۔ بعض دفعہ کتابوں کو نقصان پہنچاتا ہے چنانچہ جماعت احمدیہ کی تاریخ میں ایسے کئی واقعات ہیں کہ بعض ضروری کتب کو دشمن چرا کر لے گیا اور ضائع کر دیا اور ان کی حفاظت کی چونکہ پوری احتیاط نہیں کی گئی تھی اس لئے سلسلہ کو نقصان پہنچا۔ ربوہ میں بھی باہر سے سوال و جواب کے لئے وفود آیا کرتے تھے تو ان میں بعض تنگ نظر اور متعصب لوگ بھی آجایا کرتے تھے تو مجھے لائبریرین صاحب سے علم ہوا کہ انہوں نے وہاں یہ حرکت کرنی شروع کر دی۔ جو نایاب نسخے جماعت کی تائید میں استعمال ہوتے ہیں ان میں سے ایک نسخہ ایک (۔) صاحب نے جیب میں ڈالا اور کھسک گئے اور وہ نسخہ پھر غائب ہو گیا۔ میں نہیں جانتا کہ اس کا متبادل پھر مہیا ہوا کہ نہیں مگر ایسے واقعات ہوتے ہیں۔ اس لئے اقتباسات کے سلسلہ میں یہ احتیاط کی جائے کہ اپنے اپنے ملک میں جہاں وہ اصل کتاب موجود ہو اس کا صرف عکس نہ اٹھایا جائے بلکہ اس کے اوپر لائبریرین کی تصدیق کرائی جائے کہ ہم نے یہ عکس باقاعدہ طور پر تصدیق کرنے کے بعد جاری کیا ہے اور اس کے بعد پھر اگر کوئی شرارت کرتا بھی ہے تو اس شرارت کا اتنا بڑا نقصان نہیں ہوگا تو ان معنوں میں دعوت الی اللہ کے مراکز تیار کرنا چاہئیں جو معنے میں نے بیان کئے ہیں اور پھر ان میں آڈیو ویڈیو کا تعارف بھی ہو، مختلف مواقع پر جو سوال و جواب کی مجالس ہیں یا دوروں کی تصاویر ہیں یا جلسہ سالانہ کی روئیداد ہے اس کے متعلق پہلے تعارف ہونا چاہیئے کہ ہمارے پاس یہ یہ چیزیں موجود ہیں اور کس کس قسم کے لوگوں کے لئے کون کون سا مواد موجود ہے اور اس کے دکھانے کا انتظام ہو تو جو بھی باہر کی جماعتوں سے یا مقامی شہر سے آتا ہے وہ کچھ عرصہ بیٹھے اس کا دل لگے اور اس کو معلوم ہو کہ میرا کہاں مقام ہے جہاں آکر میں نے مزید معلومات حاصل کرنی ہیں۔ اس دفتر سے اپنائیت کا احساس پیدا ہو اور وہاں رونق لگنی شروع ہو اور دوستوں کو لا کر یعنی غیر احمدی دوستوں کو بھی لا کر وہاں بٹھایا جائے اور وہاں کے آڈیو ویڈیو لٹریچر سے استفادہ کیا جائے۔

مطالبات کا رجسٹر رکھا جائے

اس کے علاوہ اس سنٹر میں ایسا رجسٹر ہونا چاہیئے جہاں مطالبات کا اندراج ہو۔ اس کے کھلنے کے باقاعدہ اوقات مقرر ہونے چاہئیں۔ مطالبات کا اندراج ان معنوں میں ہو کہ ایک شخص آتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے فلاں فلاں کتب کی ضرورت ہے لیکن وہ کتابیں ان کے پاس نہیں ہیں تو وہاں سیکرٹری ہو خواہ وہ مستقل طور پر تنخواہ دار ملازم کے طور پر رکھا گیا ہو یا جیسا کہ بہتر رواج ہے کہ کوئی رضاکار اپنا وقت دے کر وہاں بیٹھا ہو اور اس کا فرض ہو کہ کسی رجسٹر پر ایسے مطالبات درج کرے اور کارروائی کے خانہ میں بعد ازاں یہ درج کرے کہ اس مطالبے کی کب تعمیل ہوئی ورنہ بعض دفعہ ۶ ، ۶ مہینے کے بعد لوگ مجھے لکھتے ہیں کہ جی ہم فلاں جگہ گئے تھے اور وہاں ہم نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ فلاں لٹریچر بھیجا جائے، فلاں کیسٹ مہیا کی جائے اور ہمارے دوست آج تک مانگتے ہیں اور ہم شرمندہ ہو رہے ہیں لیکن ہمیں اب تک وہ مہیا نہیں کی گئی۔ پوچھنے والے بھی چھ چھ مہینے کے بعد بتاتے ہیں اور اس وقت یہ بھی نہیں پتہ لگتا کہ کس سے پوچھا گیا تھا۔ کہاں یہ مطالبہ درج ہے۔ اس لئے لٹریچر کا مطالبہ ہو یا آڈیو ویڈیو کیسٹس کا ہو لازماً کسی رجسٹر میں وہ مطالبات درج ہونے چاہئیں اور ان پر کارروائی کا خانہ خالی رہے جب تک وہ کارروائی ہو نہیں جاتی اور اگر کچھ عرصہ تک کارروائی نہیں ہوتی تو یہ اندراج ہو کہ کیوں کارروائی نہیں ہوئی اور ایسی باتیں جن کا مجبوریوں سے تعلق ہو مثلاً کوشش کے باوجود وہ چیز دستیاب نہیں ہو رہی تو ان کے ان کے متعلق مجھے بھی لکھنا چاہیئے۔ جہاں روزمرہ کی کارروائی ہو رہی ہے وہاں مجھے لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن جہاں کوئی مشکل درپیش ہو، کوئی روک پیدا ہو جائے تو وہاں ضرور مجھے اطلاع کرنی چاہیئے کہ فلاں ملک میں فلاں دعوت الی اللہ کے کام کے سلسلہ میں یہ روک ہمارے رستہ میں حائل ہوئی ہے تاکہ حتی المقدور اس کو دور کرنے کی کوشش کی جائے۔

جوابی کارروائی فوری ہونی چاہیئے

اس کے علاوہ ایک ایسا رجسٹر ہونا چاہیئے جس میں مخالفین کی جوابی کارروائی یا ابتدائی طور پر ان کی طرف سے جماعت کے خلاف معاندانہ کارروائیوں کا ذکر ہو کر آگے کارروائی کے خانہ میں یہ ذکر کیا جائے کہ ہم نے اس کے جواب میں کیا اقدامات کئے ہیں۔ بعض دفعہ ایسی باتیں علم میں آتی ہیں جن کے متعلق جوابی کارروائی کرنے کا کوئی اپنے آپ کو ذمہ دار ہی نہیں سمجھتا۔ وہ سمجھتے ہیں ہر جوابی کارروائی براہ راست مرکز سے ہونی چاہیئے مثلاً انگلستان میں بعض دفعہ عیسائیوں کی طرف سے، بعض دفعہ دوسرے مسلمانوں کی طرف سے جماعت کے خلاف اشتعال انگیز لٹریچر، غلط فہمیاں پھیلانے والا لٹریچر تقسیم کیا جاتا ہے اور یہاں کوئی شخص اپنے آپ کو یہ ذمہ دار نہیں سمجھتا کہ اگر (امام جماعت) یہاں موجود نہ ہو تب بھی ہماری لازماً ذمہ داری ہے کہ ہم خود اس کا جواب دیں یا جواب تلاش کریں۔ فوری طور پر جماعت کو مطلع کریں کہ کیا کارروائی کی جا رہی ہے۔ بعض دفعہ کئی کئی مہینے کے بعد اتفاقاً کوئی احمدی دوست وہ لٹریچر اٹھا کر مجھے بھجوا دیتا ہے کہ میرے علم کے مطابق فلاں وقت یہ لٹریچر تقسیم ہو رہا ہے اور ہمارے بچوں کے دماغوں پر برا اثر پڑ رہا ہے یعنی اگر وہ اس سے منفی رنگ میں متاثر نہیں بھی ہوتے تو تکلیف کا اثر ضرور پڑتا ہے، بے چینی پیدا ہوتی ہے۔ وہ کہتے ہیں ایسی باتیں کی جا رہی ہیں۔ ہماری طرف سے کیا جواب ہے تو ایسی اطلاع ملنے پر جب میں نے تحقیق کی تو پتہ چلا کہ واقعۃً یہ بات درست ہے اور وہ بات یہ تھی کہ حضرت (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) نے عیسائیوں سے مناظروں کے دوران جہاں ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سختی کی گئی ہے اور آپ کی گویا ہتک کی گئی ہے ان الفاظ کو سیاق و سباق سے نکال کر اس طرح پیش کیا گیا کہ جس کے نتیجہ میں بہت ہی غلط تاثر پیدا ہوتا ہے کہ گویا (اللہ پناہ دے) حضرت (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے دل میں حضرت مسیحؑ کی کوئی بھی عزت نہیں تھی بلکہ آپ ان کو یہ اور یہ اور یہ اور یہ سمجھتے تھے اور الفاظ ایسے ہیں جن سے واقعۃً طبیعت ایک دفعہ مکدر ہو جاتی ہے کہ اگر مسیحؑ واقعی (اللہ تعالیٰ پناہ دے) ایسے خوفناک شخص تھے تو نبی اللہ تو درکنار وہ ایک عام شریف انسان کہلانے کے مستحق بھی نہیں رہتے۔ یہ تاثر ہے جو قائم کیا جاتا ہے اور قائم کیا جا رہا تھا اور مہینوں گزر گئے لیکن جماعت انگلستان کو یہ خیال نہیں آیا کہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم فوری طور پر معلوم کریں کہ ان باتوں کا جواب کہاں پہلے سے موجود ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اگر نہیں ہے تو فوری طور پر اس کا جواب تیار کروایا جائے اور تقسیم کروایا جائے چنانچہ میں نے پھر اس کا جواب لکھوایا اور "حضرت مسیحؑ کی ہتک کا الزام" کچھ اس قسم کا اس کا عنوان ہے اور اسے پھر باقاعدہ شائع کروایا۔ میں نہیں جانتا کہ ابھی تک جماعتِ انگلستان نے اس کا انگریزی ترجمہ کر کے تقسیم کرایا ہے کہ نہیں مگر جب اس کا جواب آپ پڑھتے ہیں تو صورتِ حال بالکل برعکس ہو جاتی ہے۔ حضرت اقدس بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کا احترام پہلے کی نسبت کئی گنا دل میں بڑھ جاتا ہے کیونکہ اس مناظرے کا پس منظر بتایا جاتا ہے وہ صورتِ حال بتائی جاتی ہے جس میں حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) نے عیسائیوں پر یہ جوابی حملہ کیا ہے اور جب خود حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے الفاظ میں یہ سمجھایا جاتا ہے کہ یہ حملہ ہرگز اس پاک اور مقدس ذات پر نہیں جس کا ذکر قرآن کریم میں مسیح نبی اللہ کے طور پر ملتا ہے بلکہ اس فرضی وجود پر ہے جس کی کوئی حقیقت نہیں اور عیسائیوں کے لٹریچر میں خود ان کی اپنی زبان سے اس کا یہ تعارف کروایا گیا ہے۔ اور جب یہ بتایا جاتا ہے اس قسم کے جوابی حملے کی ضرورت کیوں پیش آئی تو پڑھنے والے کا دل بجائے اس کے کہ احمدیت سے اور حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) سے متنفر ہو اچانک حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) اور احمدیت کی تائید میں اس کا دل پلٹ جاتا ہے۔ چنانچہ اس کا ایک تجربہ ہالینڈ میں ہوا۔ وہاں احمدیت کے ایک بہت پرانے واقف اور جماعت آنے جانے والے دوست تھے جو غالباً گذشتہ ۲۴ سال سے یا اس سے بھی شاید زائد عرصہ سے ہالینڈ میں تھے۔ وہ ایک اچھے عالم اور علم دوست انسان تھے۔ ان کے متعلق جب مجھ سے تعارف کروایا گیا کہ انہوں نے حال ہی میں بیعت کی ہے تو میں نے ان سے پوچھا کہ کس طرح آپ کو بیعت کی توفیق ملی تو انہوں نے بتایا کہ مجھے آپ کے مقامی امام نے ایک رسالہ ڈچ زبان میں ترجمہ کے لئے بھجوایا تھا۔ اور اس کا عنوان ہے: "حضرت مسیحؑ کی ہتک یا گستاخی کا الزام اور اس کا جواب"۔ وہ کہتے ہیں جب میں نے وہ پڑھا تو (۔) اس کے بعد میرے لئے کسی تردّد کا سوال باقی نہیں رہا۔ پس وہی چیز جسے ایک رنگ میں دشمن پیش کرتا ہے اور احمدیت سے متنفر کر دیتا ہے جب صحیح پس منظر میں پیش کی جائے تو احمدیت کی محبت پیدا کرنے کا موجب بن جاتی ہے۔ پس اس پہلو سے ہر ملک کا فرض ہے کہ دشمن کی کارروائیوں پر نظر رکھے اور یہ علم ہوتے ہی کہ فلاں قسم کا لٹریچر جماعت کے خلاف شائع کیا جا رہا ہے فوری طور پر یہ معلوم کیا جائے کہ اس لٹریچر کا پہلے کونسا مؤثر اور شافی جواب موجود ہے۔ اگر نہ ہو یا اس وقت کے حالات کے تقاضوں کے مطابق پورا نہ ہو تو نیا لٹریچر تیار کیا جائے لیکن یہ کام لازماً اوّل طور پر سیکرٹری اصلاح وارشاد کا ہے اور چونکہ سیکرٹری دعوت الی اللہ اسی کے تابع ہے یا اسی کے دو نام ہو سکتے ہیں۔ اس لئے جہاں تک مجھے یاد ہے یہ الگ سیکرٹری نہیں ہے لیکن اگر الگ سیکرٹری مقرر ہو گیا ہو تو اس کی تصحیح کر لی جائے۔ بہرحال اوّل طور پر یہ کام اصلاح وارشاد کے سیکرٹری کا ہے اور اس کے ساتھ اگر سیکرٹری اشاعت ہے تو اس کا بھی یہ کام ہے اور اگر الگ سیکرٹری دعوت الی اللہ ہے تو اس کا بھی یہ کام ہے۔ ان تینوں میں سے جس کو بھی پہلے معلوم ہو کہ فلاں قسم کا مخالفانہ حملہ شروع ہو چکا ہے تو اس کا اوّلین فرض ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے ساتھیوں کو بھی مطلع کرے، امیر کو مطلع کرے اور جوابی کارروائی کے لئے فوری طور پر پہلے تحقیق شروع کی جائے اور تحقیق کے بعد یہ فیصلہ کیا جائے کہ کسی پرانے شائع شدہ رسالہ کو جواباً شائع کرنے کی ضرورت ہے یا نیا رسالہ لکھنے کی ضرورت ہے۔ اس تیزی سے اس کے متعلق کارروائی ہونی چاہیئے کہ جیسے بجلی کی سُرعت سے کام کیا جاتا ہے ورنہ بعض دفعہ مہینوں، بعض دفعہ سالوں جماعت کی مخالفانہ کارروائیوں کا علم رکھنے کے باوجود جوابی کارروائی نہیں ہو رہی ہوتی اور ایک قسم کا انجماد سا پایا جاتا ہے بے حسی سی پائی جاتی ہے۔ اس طرح تو دعوت الی اللہ کے کام نہیں چل سکتے۔ ایسا تیزی سے ردِّ عمل ہونا چاہیئے جیسے حضرت اقدس (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) دکھایا کرتے تھے۔ اس زمانہ میں آپ اکیلے تھے۔ کوئی ممدّ و معاون، کوئی مددگار نہیں تھا جب آپ نے کام کا آغاز کیا ہے اور (۔) آپ کے دل کی کیفیت یہ تھی کہ (دینِ حق) پر حملہ ہو سہی شدید بیتاب ہو جاتے تھے اور فوراً جوابی کارروائی کرتے تھے۔ بعض دفعہ بعض رسالوں کے جواب آپ نے راتوں رات بیٹھ کر لکھے اور ان کو ایک یا دو راتوں میں ہی تیار کر کے اس مضمون کو شائع کروا دیا۔ حضرت (فضلِ عمر) کی بھی یہی کیفیت تھی تو اس زمانے میں مددگار نسبتاً کم تھے لیکن جو بھی تھے وہ والہانہ جذبے رکھتے تھے اور چونکہ احساس بہت شدید تھا اور دین کی غیرت اور دین کی محبت ایک بہت بلند مقام پر فائز تھی۔ اس لئے یہ ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ (دینِ حق) کے خلاف کوئی کارروائی ہو اور اس کے جواب میں فوری کارروائی رونما نہ ہو۔ اب یہ جو کیفیت میں دیکھ رہا ہوں اس کی وجہ سے مجھے تکلیف پہنچتی ہے اور حیرت بھی ہوتی ہے کہ یہ کیوں سمجھا جاتا ہے کہ مجھے ان باتوں کی صرف اطلاع کر دینا کافی ہے۔ بعض دفعہ ربوہ سے بھی صدر انجمن کے کارکنوں کی طرف سے بھی ایسی غلطی ہوتی ہے کہ اطلاع کر دیتے ہیں اور آگے یہ بھی نہیں لکھتے کہ اس کے جواب میں ہم نے کیا کارروائی کی ہے۔ بار بار ان کو لکھ کر اور سمجھانے کے بعد اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے کسی حد تک اصلاح ہوئی ہے لیکن ابھی بھی بعض دفعہ ایسی حرکت ہو جاتی ہے۔ اطلاع کرنا تو بہت اچھا ہے اور ضروری ہے۔ جب بھی کسی قسم کی کوئی مخدوش بات ظاہر ہو، قابلِ فکر صورت حال پیدا ہو تو لازماً مجھے اطلاع کرنی چاہیئے لیکن اگر امیر کے علم میں بات آئے یا متعلقہ عہدیدار کے علم میں بات آئے اور وہ اطلاع کرے تو ساتھ یہ اطلاع بھی کرنی چاہیئے کہ آپ مطمئن رہیں۔ ہم اس سلسلہ میں یہ جوابی کارروائی کر رہے ہیں یا اس جوابی کارروائی کا آغاز ہو چکا ہے لیکن ایسا نہیں ہوتا۔

جہاں تک اعتراضات کا تعلق ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب جماعت نے جوابات کا ایک بہت عمدہ سلسلہ طبع کرانا شروع کیا ہے۔ وہ زیادہ تر تو پاکستان کے اور ہندوستان کے علماء کے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل ہے لیکن (اللہ نے چاہا تو) اسی سلسلہ کو عیسائیت اور دیگر مذاہب پر بھی ممتد کر دیا جائے گا اور جس طرف سے جو اعتراضات وارد ہوتے ہیں ان کے جوابات کے سلسلے (اللہ نے چاہا تو) طبع ہو کر جماعت کی خدمت میں پیش کئے جائیں گے لیکن میں واپس اس طرف لوٹتا ہوں کہ دعوت الی اللہ کے مرکز میں ایسا رجسٹر ہونا ضروری ہے جس پر اس قسم کی کارروائیوں کا اندراج ہو اور پھر جوابی کارروائی کے متعلق نوٹ ہو کہ یہ کارروائی کی جا چکی ہے یا کی جا رہی ہے تاکہ ہر شخص وہاں جب بھی اس رجسٹر کو دیکھے تو اس کو معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت ایک مستعد اور بیدار جماعت ہے اور جس اعتراض کے سلسلہ میں بھی اس کو تلاش ہو وہ کارروائی میں معلوم کر سکے کہ یہ جوابی کارروائی ہو چکی ہے یا ہو رہی ہے۔

دعوت الی اللہ اور دیگر معاملات میں رجسٹر شکایات رکھے جائیں

ایک رجسٹر شکایات کا بھی موجود ہونا چاہیئے، جہاں انتظامات کے خلاف یا کتابوں میں غلطی کے متعلق شکایات ہوں تو وہ درج ہونی چاہئیں اور اس کے متعلق بھی جو جوابی کارروائی ہے یا اصلاحی کارروائی ہے اس کا اندراج ہو۔ بعض دفعہ بعض دوست سلسلہ کے طبع شدہ لٹریچر میں کچھ غلطی نکالتے ہیں یا محسوس کرتے ہیں کہ فلاں بات غلط ہو گئی ہے تو اگر وہ مجھے لکھ دیں تو فوری طور پر متعلقہ شعبہ کو متوجہ کر کے پوری طرح تسلی کر لی جاتی ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کر لی جائے گی لیکن بسا اوقات بعض دوست مجھے نہیں لکھتے اور اپنے مقامی امیر کو یا کسی عہدیدار کو متوجہ کرا دیتے ہیں اور بات وہاں ختم ہو جاتی ہے۔ اس کا مجھے اس لئے علم ہے کہ بعض لکھنے والوں نے یعنی ایسی شکایات بھیجنے والوں نے مجھے یہ لکھا کہ اتنے سال ہو گئے ہیں ہم جماعت کو، متعلقہ عہدیداران کو متوجہ کر رہے ہیں لیکن کسی نے اصلاح کی طرف توجہ نہیں کی۔ اسی طرح وہ چیز غلط سلط چھپتی چلی جا رہی ہے اور ایک دو معاملات میں میں نے خود تحقیق کی تو ان کی بات درست نکلی اور پھر جب تحقیق کی کہ کیوں ایسے ہوا ہے تو ہر شخص اپنی ذمہ داری دوسرے پر ڈالتا چلا جاتا تھا اور بعض باتیں اتنی پرانی ہو جاتی ہیں کہ پھر پوری تحقیق ہو بھی نہیں سکتی اور ہو بھی تو اس کا کوئی خاص فائدہ نہیں رہتا۔ اس لئے ہر جماعت میں اپنے اپنے شعبہ کے متعلق رجسٹر شکایات ہونا چاہیئے اور صرف یہیں نہیں بلکہ دوسرے شعبوں میں بھی مگر چونکہ میں یہاں دعوت الی اللہ کا ذکر کر رہا ہوں اس لئے یہاں ایک رجسٹر شکایات ضروری ہے جس میں ایسی شکایات بھی درج ہوں کہ ہم آئے اور ہم سے حسنِ سلوک نہیں کیا گیا۔ ہم آئے اور ہم نے کہا کہ فلاں صاحب کو ہم اتنی دُور سے لے کر آ رہے ہیں مگر مربی صاحب نے پانی بھی نہ پوچھا، بیٹھنے تک کی دعوت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نہ دی یا جس عہدیدار کے بھی خلاف شکایت ہو وہ وہاں درج ہونی چاہیئے اور متعلقہ بالا افسر یا امیر کی طرف سے جو کارروائی ہو اس کا اندراج ہونا چاہیئے ورنہ بعض دفعہ یہ وقت پیش آتی ہے کہ ایک پرانی شکایت کا ذکر کر کے بعض دوست کہہ دیتے ہیں کہ جی! جماعت کے نظام کا یہ حال ہے، ہم یہ کرتے رہے، یہ کرتے رہے۔ کچھ بھی نہیں ہوا اور وہ بات ان کی غلط ہوتی ہے یا کارروائی ہو چکی ہوتی ہے اور وہ اس کا ذکر نہیں کرتے تو ایسا رجسٹر اگر ہو تو جب بھی کسی جماعت سے پوچھوں کہ کوئی ایسا واقعہ گزرا ہے کہ نہیں اور اگر گزرا تو آپ نے کیا کارروائی کی تو فوراً وہ مجھے دکھا سکیں۔ بہرحال دعوت الی اللہ کا کام چونکہ بہت ہی نازک جذبات سے تعلق رکھنے والا کام ہے۔ اگر کوئی شخص احمدیت میں دلچسپی لے رہا ہے اور اس کے جذبات کو ٹھوکر لگانے کا ظلم کیا جائے تو یہ کوئی معمولی جرم نہیں ہے۔ اس لئے اس معاملہ میں تو غیر معمولی احتیاط کی ضرورت ہے۔

داعیین الی اللہ کو تازہ دم رکھا جائے

داعیین الی اللہ کو تازہ دم رکھنا بہت ضروری ہے۔ تازہ دم رکھنے سے مراد یہ ہے کہ وقتاً فوقتاً ان کو ایسا مواد مہیا ہوتا رہے جس سے ان کی روح تازہ ہو۔ ان کے اندر دعوت الی اللہ کی محبت پیدا ہو، ان کے اندر نئے جذبے بیدار ہوں۔ ان کا جذبہ، ان کی دعائیں (دعوت الی اللہ کے دوران رونما ہونے والے معجزات یہ ایسا مواد ہے جن سے ان کو مختلف رنگ میں مختلف وقتوں میں ایسا مواد مہیا کیا جائے جس سے وہ ان واقعات کو پڑھ کر اپنی روح کی تازگی اور شادابی کے سامان پیدا کریں (۔)

حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے زمانہ کے دعوت الی اللہ کے واقعات بہت کم محفوظ ہیں حالانکہ اس زمانہ میں اس کثرت سے دعوت الی اللہ ہوئی ہے اور کوئی بھی پیشہ ور خدمت کرنے والا نہیں تھا جو باقاعدہ تنخواہ دار ہو اس کے باوجود تمام صحابہؓ نے آناً فاناً عرب میں بھی اور عرب سے باہر دوسرے ممالک میں بھی اسلام کا پیغام پہنچایا تو بغیر دعوت الی اللہ کے تو یہ ممکن نہیں تھا لیکن افسوس ہے کہ ان تفاصیل کا کہیں ذکر نہیں ملتا، تجارب کا ذکر نہیں ملتا۔ کیا کیا باتیں ہوئیں اور کس طرح ان کو جوابات دیئے گئے۔ کیا مشکلات پیش آئیں۔ کس طرح ان مشکلات پر قابو پایا گیا۔ دعائیں کی گئیں۔ معجزات رونما ہوئے۔ ان کا تفصیلی ذکر نہیں ہے۔

من جملہ تاریخ میں صرف ان باتوں کا پتہ چلتا ہے کہ اس قسم کے واقعات ہوتے رہے ہیں مگر چونکہ دعوت الی اللہ کی تاریخ حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے زمانہ میں دہرائی گئی ہے اس لئے اس تازہ تاریخ سے ہم استفادہ کر کے یہ بھی اندازہ کر سکتے ہیں کہ پہلے کیا ہوتا ہوگا۔ کون سی چیزیں تھیں جو کامیاب ہوئی ہیں۔ اس قسم کی کتب اگر ضخیم کتب کی شکل میں پہنچائی جائیں تو بعض دفعہ ایسا فائدہ نہیں ہوتا کیونکہ ہر شخص کے پاس وقت نہیں ہوتا کہ وہ زیادہ ضخیم کتابوں کا مطالعہ کر سکے اور ایک دفعہ اگر مطالعہ کر بھی لے تو ایک دفعہ ہی اس کی سیری ہو جائے گی لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ ایک دفعہ سیری نہ ہو بلکہ بار بار ہو۔ اس لئے چھوٹے چھوٹے رسائل ان مضامین کے شائع ہوتے رہیں خواہ آپ کے ملکی رسائل میں یہ مضامین شائع ہوں یا چھوٹے چھوٹے پمفلٹس کی شکل میں صرف دعوت الی اللہ کرنے والوں کو انگیخت کرنے کے لئے اور ان کے جذبے دوبارہ بیدار کرنے کی خاطر چھپوائے جائیں اور ان تک پہنچائے جائیں تو اس سے مجھے امید ہے کہ (اللہ نے چاہا تو) عموماً بہت فائدہ پہنچے گا۔

پھر ایسے ایمان افروز واقعات کا انتخاب اچھا ہونا چاہیئے اور کسی خاص منصوبے کے ماتحت ہونا چاہیئے، اتفاقی طور پر نہ ہو۔ مثلاً حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے بعض (رفقاء) مختلف مذاہب کا گہرا علم رکھتے تھے اور جب بھی آپ ان کے (دعوت الی اللہ کے) واقعات کا مطالعہ کرتے ہیں تو حیران ہو جاتے ہیں کہ ان کو مختلف مذاہب کا ذاتی طور پر اتنا گہرا علم تھا اور مناظرے کے دوران مدمقابل ان کو دھوکہ نہیں دے سکتا تھا۔ اس قسم کے واقعات جب کوئی پڑھتا ہے تو لازماً اس کی توجہ اپنا علم بڑھانے کی طرف ہوتی ہے اور اس کا بھی دل چاہتا ہے کہ میں بھی ایسا عالم فاضل بنوں۔ حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی کے مناظرے ہیں، حضرت مولوی سرور شاہ صاحب کے، حضرت (امام جماعت احمدیہ الاوّل) اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ سے راضی رہے) کے، حضرت مولوی محمد احسن صاحب امروہوی کے، اس طرح کے بہت بڑے بڑے بزرگ علماء ہیں جن کے علم و فضل کے سامنے انسان اپنے آپ کو ایک بالکل معمولی اور بے حیثیت انسان سمجھنے لگتا ہے۔ جب آپ ان کے واقعات پڑھیں تو ان کا رعب دل پر قائم ہوتا ہے۔ وہ پہاڑوں کی طرح آپ کے سامنے بلند ہوتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں تو ایسے واقعات کا انتخاب الگ ہو جس سے جماعت میں اپنا علم بڑھانے کا شوق پیدا ہو اور دیگر مذاہب کے مطالعہ کا شوق پیدا ہو۔ اس کے علاوہ فنِ مناظرہ کے لحاظ سے برجستہ دلچسپ جواب دینے کا فن بھی حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے بعض (رفقاء) کو بطور خاص حاصل تھا اور اس اعتبار سے بہت بڑے بڑے دلچسپ واقعات ہیں۔ بڑے لطائف پیدا ہوا کرتے تھے جبکہ دشمن سمجھتا کہ ہم نے زیر کر لیا ہے اچانک اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ جواب دینے والے کو خدا تعالیٰ ایسی بات سمجھا دیتا تھا کہ اچانک صورتِ حال (مخالف) پر پلٹ جاتی تھی تو اس قسم کے جو واقعات ہیں وہ اپنے اندر ایک خاص لطف رکھتے ہیں اور ان کو پڑھنے کے بعد انسان کا ذہن حاضر دماغی کی طرف منتقل ہوتا ہے برجستہ جوابات دینے کا سلیقہ اس کو آتا ہے اور اس کا شوق پیدا ہوتا ہے اور اس کی بھی (دعوت الی اللہ) کے میدان میں بڑی ضرورت ہے کیونکہ نیک نصیحت کے بعد پھر قرآن کریم فرماتا ہے (۔) کہ پھر اگر عقل اور فہم اور دلائل کی لڑائی شروع ہو جائے تو (۔) خوب لڑو ان کے ساتھ لیکن احسن طریق پر۔ اس طرح لڑو کہ تمہاری دلیلیں زیادہ حسن رکھنے والی ہوں۔ تمہارا طرزِ مجادلہ زیادہ حسین ہو اور زیادہ دلکش ہو تو یہ سب باتیں آپ کو حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے (رفقاء) کے (دعوت الی اللہ کے) واقعات میں نظر آتی ہیں۔

دعاؤں کی حیرت انگیز تاثیرات

پھر دعاؤں کے مقابلے ہیں۔ جب انسان آگے کوئی راہ نہیں پاتا تو دعاؤں کا مضمون شروع ہو جاتا ہے اور حضرت (بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کے رفقاء) نے جہاں بھی دعاؤں سے کام لیا ہے خدا تعالیٰ نے حیرت انگیز نشانات ان کے ظاہر فرمائے ہیں اور آپ جب ان واقعات کو پڑھیں تو حیران ہوں گے کہ آپ میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کے خاندانوں کے جدِ امجد دعاؤں کے طفیل احمدی ہوئے تھے اور بعض خاندان کے افراد کو اپنا پتہ ہی نہیں کہ ہمارے خاندان میں احمدیت کیسے آئی تھی اور ہمارے بزرگوں نے اس زمانہ میں جبکہ احمدیت کو قبول کرنا ایک بہت بڑے دل گردہ کا کام تھا کیوں قبول کر لیا۔ ان واقعات کو پڑھتے ہوئے پھر اُن خاندانوں کے بزرگوں کے بعض دفعہ نام آتے ہیں تو دل چاہتا ہے کہ ان کی ساری اولاد کو پتہ ہو کہ ہم کس کی اولاد ہیں، کن واقعات کے نتیجہ میں ہمارے بزرگوں کو یہ روشنی نصیب ہوئی مگر بہرحال اس کے علاوہ جو فائدہ میرے زیرِ نظر ہے وہ یہ ہے کہ ان واقعات کو پڑھ کر ہر دعوت الی اللہ کرنے والے کے دل میں یہ بات جاگزیں ہو جائے گی کہ دعوت الی اللہ کا کام خشک اور خالی دل کے ساتھ نہیں ہو سکتا، اس کا روحانیت کے ساتھ گہرا واسطہ ہے۔ جب تک میں خدا نما وجود نہ بنوں، جب تک میں اپنے رب سے تعلق نہ رکھوں اس وقت تک یہ کام میرے بس کا نہیں ہے اور چونکہ خدا تعالیٰ کی طرف سے قدرت نمائی کے واقعات وہ پڑھ چکا ہوگا اس لئے پہلے سے بڑھ کر خدا تعالیٰ کی ہستی پر کامل یقین ہوگا اور خدا تعالیٰ کی محبت دل میں پہلے سے بڑھ کر موجزن ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کی ساری زندگی پر اس کے اچھے اثرات مترتب ہوں گے تو یہ دعوت الی اللہ کرنے والا جہاں دوسرے کو خدا کی طرف بلا رہا ہوگا دعوت الی اللہ کی تیاری کے دوران وہ خود بھی خدا کی طرف کھنچا چلا جا رہا ہوگا۔ اس لئے دعوت الی اللہ کے کام کو اگر سلیقے اور ترتیب سے کیا جائے تو اس کے بیرونی بھی اور اندرونی بھی بہت بڑے فوائد ہیں اور دعوت الی اللہ کو پھر خدا کے فضل کے ساتھ بڑے بڑے پھل لگ سکتے ہیں۔ پس ایک یا دو یا تین باتوں کا نام دعوت الی اللہ نہیں بلکہ ایک بہت وسیع نظام کا نام ہے اس میں جماعت کی انتظامیہ کو بھی بھرپور حصہ لینا ہوگا۔ ان ساری باتوں کے جائزے لے کر ایک بہت عمدہ منصوبے کے مطابق سلیقے اور ترتیب کے ساتھ اس کام کو رفتہ رفتہ کھولنا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہوگا اور سب دعوت الی اللہ کرنے والوں پر نظر رکھنی ہوگی ۔ یہ کام دیکھنے میں بڑا وسیع اور مشکل ہے لیکن حسبِ توفیق تھوڑا تھوڑا شروع کر دیا جائے تو آسان ہوتا چلا جاتا ہے اور کچھ مشکل نہیں رہتا ۔ اس سلسلہ میں باقاعدہ کام کرنے والوں کی صرف تربیت کی ضرورت ہے جو شروع میں کچھ مشکل معلوم ہوتی ہے ۔ امراء اور اُن کے ساتھی اگر ایک دفعہ کچھ لوگوں کی صحیح تربیت کر لیں تو وہ ٹیمیں ان کے ساتھ مددگار اور معاون بن کر خدمت کرتی رہیں گی پھر آگے اور اچھے تربیت یافتہ لوگ پیدا ہوتے رہیں گے ۔

دعوت الی اللہ کے حسین تجارب کا ذکر کرنا چاہیئے

اس کے علاوہ مقامی طور پر جب دعوت الی اللہ کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے تائیدی نشان ظاہر ہوتے ہیں تو اُن کو دیگر داعیین الی اللہ تک پہنچانا بھی بہت اہم ہے اور ہر جگہ جہاں بھی کامیابی سے (دعوت الی اللہ) چل رہی ہے ۔ وہاں ایسے واقعات ضرور ہوتے ہیں ۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ خدا تعالیٰ کی غیر معمولی تائید کے بغیر (دعوت الی اللہ) کو پھل لگیں اور جہاں بھی کسی نومبائع سے میں نے گفتگو کی ہے تو اس گفتگو کے دوران مجھے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ محض دلائل کی بات نہیں تھی اور بہت سی باتیں ہیں جنہوں نے اس نو احمدی کے دل پر اثر ڈالا اور بعض اعجازی نشان انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے تو وہ نشان جو قریب کے نشان ہوں وہ بعض دفعہ دور کے زیادہ عظیم الشان نشانات کے مقابل پر بھی دل پر زیادہ اثر پیدا کرتے ہیں ۔ جو دُور کی بات ہے وہ خواہ کتنی ہی بڑی ہو بعض دفعہ دل پر وہ اتنا اثر نہیں کر سکتی جتنا ایک قریب کی چیز دل پر اثر کرتی ہے ۔ اس وجہ سے آپ کے اپنے تجارب جن میں سے آپ گزرتے ہیں یا اپنے ماحول میں ہونے والا ایک واقعہ آپ اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اس کا دل پر بہت زیادہ گہرا اثر ہوتا ہے بہ نسبت ۱۴۰۰ سال پہلے یا دو ہزار سال پہلے کے ایک اعجازی نشان کا علم ہونے سے جو دل پر اثر پڑتا ہے ۔ انسانی فطرت ہے کہ جو چیز قریب ہے اس کا دل پر اثر پڑتا ہے ۔ اقبال نے اس سلسلہ میں کہا ہے :۔ ؎

جو تھا نہیں ہے جو ہے نہ ہوگا یہی ہے اک حرفِ محرمانہ
قریب تر ہے نمود جس کی اسی کا مشتاق ہے زمانہ

تو اس شعر میں گہری حکمت ہے ۔ علامہ اقبال کو، بعض احمدی سمجھتے ہیں کہ یہ گویا ایک ایسا نام ہے جس کا ہماری زبان پر آنا ہی گویا کہ جرم ہے ۔ یہ نہایت بیہودہ خیال ہے ۔ علامہ اقبال نے جماعت کے خلاف بھی باتیں لکھی ہیں ۔ اس سے پہلے جماعت کی تائید میں بھی بہت کچھ لکھا تھا ۔ علاوہ ازیں ایک اچھے شاعر تھے اس میں کوئی شک نہیں ہے اور اتنے بڑے حکیم اُمت نہ ہوں جتنا بیان کیا جاتا ہے مگر ان کی باتوں میں کئی جگہ بہت اچھی اچھی حکمت کی باتیں ملتی ہیں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کی نصیحت ہے : (حکمت کی بات مومن کی گمشدہ چیز ہے) ۔ پس ہمیں حکمت سے پیار ہونا چاہیئے ۔ میں اس لئے اس بات کا ذکر کر رہا ہوں کہ ایک ملک میں ایک مربی نے کسی دوسرے احمدی کے اُوپر بڑی سختی کی کہ تم نے جماعتی مجلس میں علامہ اقبال کے ایک شعر کی تعریف کیوں کی ۔ وہ شعر غلط استعمال ہوا تھا اس میں کوئی شک نہیں لیکن جہاں تک علامہ اقبال کے شعر کی تعریف کا تعلق ہے تو جو تعریف کے قابل چیز ہے ۔ ہر سچے انسان کا کام ہے ، فرض ہے ، اس کے اندر ایک طبعی جذبہ پایا جانا چاہیئے کہ وہ اس کی تعریف کرے ۔ پس اس بات کو ہرگز خاطر میں نہ لائیں کہ کوئی اچھی بات علامہ اقبال نے کہی ہے یا ظفر علی خان نے کہی ہے حتیٰ کہ عطاء اللہ شاہ بخاری کے مُنہ سے بھی کوئی اچھا کلمہ نکل گیا ہو تو حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کی نصیحت یہ ہے کہ (حکمت کی بات مومن کی گمشدہ چیز ہے) اصل میں تو وہ (صاحبِ ایمان) کو زیب دینے والا کلمہ ہے (صاحبِ ایمان) ہی کی ملکیت ہے ۔ ہر اچھی چیز (صاحبِ ایمان) کو زیب دیتی ہے ۔ جہاں سے ملے اپنی سمجھ کر لو تو بہرحال اقبال کا جو یہ شعر ہے بہت گہری حکمت پر مبنی ہے ۔

قریب تر ہے نمود جس کی اسی کا مشتاق ہے زمانہ

تو (غیر معمولی واقعات) کے قریب تر آپ ہوں اور آپ کے قریب جو (غیر معمولی واقعات) ہیں وہ آپ کو زیادہ روشن دکھائی دیں گے ، زیادہ مطمئن کرنے والے دکھائی دیں گے اور وہ دعوت الی اللہ کرنے والے جو اپنے اُوپر وارد ہونے والے چھوٹے چھوٹے نشانات پیش کر سکتے ہوں ان کو یقین رکھنا چاہیئے کہ ان نشانات میں بہت زیادہ اثر ہوگا بہ نسبت کتابوں میں پڑھے جانے والے ان نشانات کے جو واقعۃً بہت عظیم الشان تھے ۔ پس آپ کے دوستوں کو آپ کی ذات میں کچھ کرامات دکھائی دینی چاہئیں ۔ کچھ عجائب کام دیکھنے کے لئے ملنے چاہئیں ۔ اور ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اس شخص کا تعلق اللہ تعالیٰ سے ہے ۔ پس جب اس قسم کے واقعات جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے آپ دعوت الی اللہ کرنے والوں کو بھیجیں گے تو لازماً ان کی توجہ اس طرف پیدا ہوگی اور وہ اپنا جائزہ لیں گے اور خدا تعالیٰ سے اپنا قرب کا تعلق بڑھانے کی کوشش کریں گے ۔ دل میں بہت دفعہ بے قرار تمنا پیدا ہوگی ۔ وہ رو رو کر دُعائیں کریں گے کہ اے خدا ! ؎

گُل پھینکے ہیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ بر انداز چمن ! کچھ تو اِدھر بھی

تُو نے پہلوں کے ساتھ حُسن و احسان کے ایسے سلوک کئے اور ایسے ایسے عظیم الشان نشانات ان کو دکھائے ان کی تائید میں حیرت انگیز طور پر ظاہر ہوا اور حیرت انگیز کام ان کی خاطر دکھائے ، ہم بھی تو اسی چمن کے شجر ہیں ۔ ہمیں بھی ایسے ثمر عطا کر ۔ ہم بھی تو اسی چمن کے عاشق ہیں ۔ ہمیں بھی وہ پھل نصیب فرما جن پھلوں سے تُو نے پہلوں کو سیر کر دیا اور جن پھلوں کی برکت سے جماعت احمدیہ کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان دعوت الی اللہ کرنے والوں کے ذریعے تُو نے پھیلانے کی توفیق عطا فرمائی ہم پر بھی ایسے افضال کی بارش فرما ، ایسے نمونے ہم پر ظاہر فرما ۔ یہ دُعا ہے جو بعض دفعہ انسان عام طور پر روز کرتا رہتا ہے لیکن اس دُعا میں وہ اثر نہیں پیدا ہو سکتا ۔ جتنا کسی واقعہ کو دیکھ کر یا پڑھ کر اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی دُعا میں اثر ہوا کرتا ہے ۔ اس نکتہ کو خوب اچھی طرح سمجھ لیں ورنہ دعوت الی اللہ کرنے والے کہیں گے کہ ہمیں ان واقعات کو پڑھنے کی کیا ضرورت ہے ہم روزانہ یہی دُعا کرتے ہیں کہ اے اللہ ہمیں نشان دے ۔ اے اللہ ! ہمیں برکت دے ۔ اے خدا ! ہمارے ہاتھ سے معجزات رُونما فرما ۔ یہ خالی منہ کی باتیں ہیں ۔ دُعا میں ایک گہرا اثر ہونا چاہیئے ۔ اور وہ اثر یونہی منہ کی باتوں سے پیدا نہیں ہوا کرتا ۔ قرآن کریم نے اس کی مثال دی ہے ۔ چنانچہ حضرت زکریاؑ کے متعلق فرمایا کہ وہ مدتوں سے یہ دُعا کر رہے تھے کہ اے خدا ! مجھے اولاد دے ۔ مجھے بیٹا دے اور اس مضمون کو پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ ساری عمر یہ دُعا کی اور مایوس نہیں ہوئے لیکن اس دُعا میں وہ اثر پیدا نہیں ہوا جو اس واقعہ کے بعد ہوا کہ آپ ایک دفعہ حضرت مریمؑ کے حجرہ میں گئے ۔ وہاں آپ نے اللہ تعالیٰ کے نازل ہونے والے عظیم نشان دیکھے ۔ وہ رزق دیکھا جو حضرت مریمؑ کو عطا ہو رہا تھا ۔ اس کے نتیجہ میں اس کے حوالے سے آپ کے دل میں ایک عجیب ولولہ اُٹھا ہے اور اس پر آپ نے دُعا کی ہے کہ اے رب ! مجھے بھی ایک پاک بیٹا عطا کر ۔ مجھے بھی ایسا بیٹا عطا کر جو تیرے نام کو بلند کرنے والا ہو جو تیرے نُور کو دُنیا میں پھیلانے والا ہو اور میری اچھی باتوں کو میرے بعد زندہ رکھنے والا ہو تاکہ میرے شریک یہ طعنہ نہ دیں کہ اس کی اچھائیاں اس کے ساتھ ہی مر گئیں ۔ وہ میری نیکیوں کا وارث ہو ۔ وہ دُعا جس جذبہ سے اُٹھی ہے وہ ایسا جذبہ تھا کہ جس کے نامقبول ہونے کا سوال ہی نہیں تھا اور جب آپ نے یہ دُعا کی کہ اے خدا ! میرے تو بال سفید ہو گئے ، میری ہڈیاں گل گئیں یہ دُعا کرتے کرتے ۔ اب میں اے خدا ! یہ دُعا کرتا ہوں کہ تُو قبول فرما ۔ میں تجھ سے مایوس نہیں ہوں تو معاً اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ ہاں ! ہم تجھے ایک بیٹے کی خوشخبری دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا ۔ ایسا نام جو اس سے پہلے کبھی دُنیا نے نہیں سُنا ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے پھر حضرت یحییٰ اسی شان کے ساتھ پیدا ہوئے جس شان کے ساتھ آپ کی خوشخبری دی گئی تھی اور آپ کی زندگی کے متعلق تو خیر ایک الگ لمبا مضمون ہے ۔ میں واپس اس مضمون کی طرف آتا ہوں کہ دُعا وہی ہوتی ہے جو مختلف وقتوں میں کی جاتی ہے مگر بعض دفعہ وہ دُعا اثر سے لبریز ہو جاتی ہے اور بعض دفعہ وہ دُعا ایک سرسری سی دُعا رہتی ہے ۔ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ (اللہ پناہ دے) حضرت زکریاؑ سرسری دُعا کیا کرتے تھے ۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ایک نبی جو دل کی گہرائی سے دُعا کرتا ہے ۔ اس کی دعاؤں میں بھی مختلف وقتوں میں مختلف اثرات ہوتے ہیں ۔ عام آدمی کی دعاؤں میں بھی مختلف وقتوں میں مختلف اثرات ہوتے ہیں ۔ مگر جب کسی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خاص واقعہ سے دل پر بہت گہرا اثر پڑا ہوا ہو تو اس وقت کی دُعا اور رنگ رکھتی ہے۔ پس جب آپ بزرگوں کے اچھے واقعات پڑھیں، دل پر اثر کرنے والے واقعات پڑھیں تو جس نوعیت کے وہ واقعات ہوں اس نوعیت کی جو دُعا دل سے اُٹھے گی وہ عام دعاؤں کے مقابل پر زیادہ اثر رکھنے والی ہوگی۔

پس دعوت الی اللہ کرنے والے تو سادہ لوگ ہیں۔ اکثر علم کے لحاظ سے بھی بہت پیچھے ہیں۔ کمزور ہیں۔ جذبہ ہے کہ ہم دعوت الی اللہ کرنا چاہتے ہیں اور کرنے کے لئے اپنا نام پیش کر دیتے ہیں مگر ان سے سلیقے کے ساتھ کام لینا، ان کی ضروریات کو پورا کرنا، ان کی تربیت کرنا، ان پر نظر رکھنا، ان کی موقع بموقع مدد کرتے رہنا اور ان کو دن بدن دعوت الی اللہ کے کام کے لئے زیادہ تیار کرتے رہنا۔ یہ سارے کام نظامِ جماعت کے کام ہیں اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے اور جو ذرائع میں نے آج آپ کے سامنے رکھے ہیں ان کو اگر آپ استعمال کریں تو میں اُمید رکھتا ہوں کہ اس سے (اللہ نے چاہا تو) آپ کی دعوت الی اللہ کے کام میں بہتری کی طرف نمایاں فرق پیدا ہوگا اور اس کے علاوہ چند باتیں ہیں۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ اگلے خطبہ میں میں ان کو بیان کر سکوں گا کہ نہیں مگر (اللہ نے چاہا تو) اس موضوع پر وقتاً فوقتاً آپ سے مخاطب ہوتا رہوں گا۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم اس عظیم الشان کام کو اس طرح سرانجام دیں جس طرح جماعت احمدیہ سے توقعات کی گئی ہیں۔ جب میں کہتا ہوں کہ جماعت احمدیہ سے توقعات کی گئی ہیں تو یاد رکھیں کہ ہم سے یہ توقع کی گئی ہے کہ (۔) (دعوت الی اللہ کے کام کو) جماعت احمدیہ اپنے منتہیٰ تک پہنچا دے گی (۔) آپ کے ساتھ، میرے ساتھ، ہم سب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بہت سی توقعات وابستہ ہیں (۔) اس لئے اس کام کو اگر ہم کما حقہٗ نہ کر سکیں تو ہمارا قصور ہے۔ یہ کام نہ صرف یہ کہ ہو سکتا ہے بلکہ ضرور ہوگا کیونکہ یہ مقدر ہے اس تقدیر کو کوئی بدل نہیں سکتا۔ اس لئے کوئی عذر کام نہیں آئے گا کہ جی! جن لوگوں کو ہم (دعوت الی اللہ) کرتے تھے وہ بنجر زمینیں تھیں وہ گندے علاقے تھے۔ جس قسم کے بھی لوگ تھے، جس قسم کے بھی علاقے تھے ان سب کا علم اللہ تعالیٰ کو تھا اس کے باوجود خدا تعالیٰ نے (۔) یہ وعدہ فرمایا کہ ایک ایسا وقت آئے گا کہ (دینِ حق) کو تمام دیگر ادیان پر غالب کر دیا جائے گا (۔) پس ہم جو (حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ) کی (۔) جماعت ہیں ہم سے بہت بڑی توقعات ہیں اس لئے ان توقعات کے نتیجہ میں دل میں کامل یقین پیدا کریں۔ ٹھوس یقین کے ساتھ آگے بڑھیں۔ یہ کام ہو سکتا ہے۔ ضرور ہوگا اور خدا کے فضل سے ہمارے ذریعہ ہوگا اور پھر اس کے نتیجہ میں دُعائیں کریں۔ اس کے نتیجہ میں جو بھی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان کو پوری طرح ادا کرنے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

جو بقیہ مضامین ہیں وہ آئندہ کسی وقت (اللہ نے چاہا تو) آپ کے سامنے پیش کروں گا۔"

خطبہ ثانیہ کے دوران حضور انور نے فرمایا:۔

جلسہ قادیان کے لئے دُعا کی درخواست

"میں ایک یہ بات کہنی بھول گیا تھا کہ اس سال کا آج کا جمعہ جو میں انگلستان میں ادا کر رہا ہوں یہ اس سال کا آخری جمعہ ہے جو یہاں ادا ہوگا۔ اس کے بعد چند دن تک ہم (اللہ نے چاہا تو) ہندوستان میں ہوں گے اور قادیان کا سفر درپیش ہے اس کے متعلق ساری جماعت آگاہ ہے۔ وہ دوست جو جا رہے ہیں ان کو بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ سفر جہاں تک ممکن ہو اللہ کا ذکر کرتے ہوئے اور درود اور سلام بھیجتے ہوئے پورا کریں اور بہت کثرت سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ سالانہ کو ایک غیر معمولی اہمیت کا اعجازی جلسہ سالانہ بنا دے اور جماعت کے لئے بہت سی خیر و برکت کا موجب بنے۔ وہ لوگ جو پیچھے رہ رہے ہیں ان کو پیچھے رہنے کا ایک غم ہے وہ اپنے خطوں میں ملاقاتوں میں بھی ذکر کرتے ہیں ان کو پیچھے رہنے کے غم کو اپنے لئے ایک بہت ہی نفع بخش سرمائے میں تبدیل کر دینا چاہیئے۔ وہ اس غم کے نتیجہ میں دعائیں کریں کہ اے اللہ! ہم جا تو نہیں سکتے تو ہماری محرومی کے احساس کو قبول فرما لے اور ہمارے دُکھ کو جماعت کے لئے خوشیوں میں تبدیل کر دے اور جو تکلیف ہم محسوس کر رہے ہیں اس کے نتیجہ میں جماعت کے لئے آسائش پیدا فرما اور تیرے وعدوں کے پورے ہونے کے دن قریب آ جائیں۔ وہ جلسہ اگر ہم نہیں دیکھ سکتے تو ہمیں اس جلسے کی برکات دکھا دے اور اس جلسہ کے نتیجہ میں ہونے والے عالمی افضالات کے ہم بھی شاہد بن جائیں۔

پس اس رنگ میں جو پیچھے رہنے والے ہیں وہ بھی دُعا کر کے اس جلسہ کے فیض میں شامل ہو سکتے ہیں اور اس جلسہ کے نتیجہ میں جو فیوض بعد میں ظاہر ہوں گے ان میں وہ اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ گواہ بن سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

یہ سارا عرصہ بہت دُعائیں کرتے ہوئے گزاریں۔ خدا تعالیٰ اس سفر کے سارے مراحل آسان فرما دے اور ساری مشکلات دُور فرمائے (مخالفوں) کے حسد کے شر سے جماعت کو محفوظ رکھے اور سب اندھیروں کو روشنیوں میں بدل دے اور سب مشکلات کو آسانیوں میں تبدیل فرما دے اور اسیرانِ راہِ مولا بھی تو ہیں جو خود اس جلسہ میں شامل نہیں ہو سکتے بلکہ اپنے قریب کے جلسوں میں بھی شامل نہیں ہو سکتے۔ اپنے دُکھ کے وقت ان کا دُکھ جو بہت زیادہ گہرا اور بہت زیادہ لمبے عرصہ پر پھیلا ہوا دکھ ہے اس کو بھی یاد کر لیا کریں اور ان کے لئے بھی دُعا کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان عاجزانہ التجاؤں کو قبول فرمائے۔"

روزنامہ الفضل ربوہ
پبلشر: آغا سیف اللہ، پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس۔ ربوہ
مقام اشاعت: دار النصر غربی۔ ربوہ
قیمت ایک روپیہ پچاس پیسے

بقیہ: اخبار احمدیہ سے آگے

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کی صحت آپریشن کے فوری اثرات کے بعد سے آہستہ آہستہ بحال ہو رہی ہے۔ (تمام تعریف اللہ کے لئے ہے) لیکن ابھی تک بعض ٹیسٹوں کے نتائج موصول نہیں ہوئے۔ اندازہ ہے کہ یہ نتائج دو دن تک ملنے پر بیماری کی اصل نوعیت واضح ہوگی اور ماہر ڈاکٹر صاحبان دوبارہ سیدہ بیگم صاحبہ کا معائنہ کریں گے اور ادویات کے ذریعہ علاج تجویز ہوگا۔

۵ فروری: بیگم صاحبہ کی صحت آپریشن کے بعد کے فوری اثرات سے تیزی سے صحت کی طرف مائل ہے۔ آج ڈرپ بھی اتار دی گئی ہے اور منہ کے ذریعہ پانی اور دوسری سیال خوراک کی مقدار بھی بڑھا دی گئی لیکن ابھی بعض ٹیسٹوں کے نتائج کا انتظار ہے۔ جن سے بیماری کی اصل نوعیت کا اندازہ ہوگا اور اللہ نے چاہا تو ادویات کے ذریعہ علاج شروع ہوگا۔ ..... اللہ کے فضل سے دعاؤں کے نیک اثرات یہاں محسوس ہو رہے ہیں۔ اب تک جو شفاء کی رفتار ہے وہ خدا کے خاص فضل کی مظہر ہے۔

احباب دعاؤں کا سلسلہ توجہ اور التزام سے جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کو کامل و عاجل شفا عطا کرے۔ بیماری کے ہر بد اثر کو مٹا دے اور اعجازی رنگ میں شفاء عطا فرمائے۔

ملکی خبریں

○ ۵ فروری ۱۹۹۲ء کو پورے ملک میں کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ملک بھر میں ہڑتال کی گئی۔ ہر قسم کے دفاتر کاروباری مراکز دکانیں بند رہیں اکثر جگہ ٹرانسپورٹ بھی بند تھی۔ ہر شہر پہیہ جام ہڑتال کا سماں پیش کر رہا تھا۔ ہر شہر میں جلسے ہوئے۔ کشمیری حریت پسندوں کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لئے زبردست جلوس نکالے گئے۔ سماجی سیاسی مذہبی ثقافتی اور مزدور تنظیموں نے احتجاجی ریلیاں منعقد کیں۔ خواتین نے بھی جلوس نکالے اور سینہ کوبی کی۔

○ وزیر اعظم پاکستان آزاد کشمیر کے دار الحکومت مظفر آباد گئے اور وہاں پر ایک زبردست جلسہ عام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی مظالم کے باوجود کشمیری عوام توقع سے بہت پہلے آزادی حاصل کر لیں گے۔

جدید فیشن کے ساتھ
روایتی زیورات
شریف جیولرز
فون دکان ۶۴۹ — رہائش ۷۱۷
اقصیٰ روڈ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پاک گولڈ سمتھ
اقصیٰ روڈ طارق مارکیٹ
ربوہ
فون ۶۴۳/۵۵۰
عبدالمنان ناصر ولد میاں عبدالسلام صاحب

بچوں کی جملہ امراض کے شافی علاج کے لئے
النصرت چلڈرن کلینک
ریلوے روڈ۔ ربوہ

حبوب مفید اٹھرا
چھوٹی شیشی ۱۶ روپے۔ بڑی شیشی ۴۸ روپے
اکسیر اولاد نرینہ (کورس)
مکمل کورس ۱۵۰/- روپے
زد جام عشق خاص
چار صد اسی (۴۸۰) روپے
ناصر دواخانہ ربوہ فون ۶۳۴

تریاق اٹھراء
اٹھراء کے کامیاب علاج کے لئے
مشہور عالم گولیاں فی کورس ۷۵۰۰۰
نور نظر
اولاد نرینہ کے لئے
فی کورس ۵۰۰۰۰
زد جام عشق
مکمل کورس ۶۰ گولی
فی کورس ۴۸۰۰۰
خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ
گولبازار۔ ربوہ
فون دواخانہ ۵۳۸ فون گھر ۳۳۸

• نرینہ اولاد سے محروم • بے اولاد • سوکھا • گرمی • گیس کا علاج کرنیوالے
سنہ ۱۹۱۱ء سے مصروف خدمت
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
سب آفس: چوک گھنٹہ گھر پوسٹ بکس ۱۹ گوجرانوالہ فون: ۷۴۸۴۴-۰۴۳۱
ہیڈ آفس: نزد پنڈی بائی پاس جی ٹی روڈ گوجرانوالہ فون: ۷۶۴۹۷-۰۴۳۱
زیر نگرانی حکیم عبدالحمید اعوان ابن حکیم نظام جان
برانچیں
• ربوہ: اقصیٰ چوک نزد لیٹر بکس • ملتان: نزد پرانی کوتوالی حضوری باغ روڈ
• لاہور: ۱۰ جوہر ویو فیز I (نزد آخری سٹاپ وفاقی کالونی) نیو کیمپس روڈ
• کراچی: نزد ڈاکخانہ محمود آباد نمبر ۳
• چوک قلعہ کالروالہ: تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ
• اسلام آباد: سیکٹر آئی ۸/۲ گلی نمبر ۱۱
خواتین کیلئے انتظام کے ساتھ

مرض اٹھراء کی شکار • نرینہ اولاد سے محروم • دکھی عورتوں کے لئے
دواخانہ محافظ صحت
کوٹ نہال سنگھ مین سٹریٹ ۲ پر ملیں
المشہور: حکیم عطاء الرحمٰن علوی ابن حکیم نظام جان سند یافتہ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر
زنانہ و مردانہ پیچیدہ و پوشیدہ امراض کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں
خط و کتابت: حکیم عطاء الرحمٰن علوی ابن حکیم نظام جان • گول چوک اوکاڑہ

پائیدار — عمدہ کوالٹی — گارنٹی شدہ
پاک چائنہ
• پیڈسٹل فین • سیلنگ و ایگزاسٹ فین • برقی مدھانی
تیار کردہ: بشارت انڈسٹریز سیالکوٹ روڈ۔ گوجرانوالہ فون ۸۲۷۷۲ پی پی
ڈیلر: نفیس زری ہاؤس گولبازار۔ ربوہ

کیا آپ کے بچے صحت مند ہیں؟
اپنے پھول سے بچوں کی صحت اور نشوونما کا خاص خیال رکھیں۔ اگر کسی قسم کی کمزوری ہو تو مندرجہ ذیل ادویات سے انتخاب کریں:-

۱۔ بے بی ٹانک (دودھ پیتے بچوں کیلئے)	BABY TONIC	۱۰/-
۲۔ بے بی گروتھ کورس (۱۰ سال تک کے بچوں کیلئے)	BABY GROWITH COURSE	۳۰/-
۳۔ کمزوری جسم کورس (نوجوانوں کیلئے)	BODY BUILDING COURSE	۱۰۰/-
۴۔ چھوٹا قد کورس (۵ سال سے ۲۰ سال تک کی عمر کیلئے)	DWARFISHNESS COURSE	۱۰۰/-
۵۔ بول بستری کورس	BED URINE COURSE	۳۵/-
۶۔ مٹی چھوڑ کورس	MITI CHOUR COURSE	۲۰/-
۷۔ سوکھا پن کورس (بچوں کا)	MARASMAS COURSE	۵۰/-
۸۔ آہستہ دانت نکالنا کیور	SLOW DENTITION CURE	۲۰/-
۹۔ بے ترتیب دانت کیور	IRREGULAR TEETH CURE	۲۰/-

• ڈاکٹرز اور سٹاکسٹس کیلئے معقول کمیشن • تین صد یا زائد کے آرڈر پر ڈاک خرچ بذمہ کمپنی • مندرجہ ذیل سٹاکسٹس سے خرید فرمائیں یا براہ راست بذریعہ ڈاک ہم سے منگوائیں
• لاہور: کیور ٹیو سٹورز اچھرہ شاپنگ سنٹر اچھرہ • فیصل آباد: کریم میڈیکل مال گول امین پور بازار • راولپنڈی: شبیر میڈیکوز بالمقابل کنٹونمنٹ ہسپتال صدر • پشاور: ہومیو میڈیکل سنٹر نزد ڈاکخانہ سکندر پورہ پشاور شہر • کوئٹہ: ہومیو پیتھک ڈاکٹر بشارت احمد دوران ۲۴ خوجک روڈ پشین اڈہ • ملتان: ہومیو ڈاکٹر الطاف حسین ملک صدر بازار • کراچی: صدر میڈیکل سٹور بالمقابل ایمپریس مارکیٹ صدر کراچی • حیدرآباد: ابن سینا میڈیکل سٹور گاڑی کھاتہ • سیالکوٹ: ڈان ڈرگ ہاؤس ریلوے روڈ • گوجرانوالہ: کیور ٹیو میڈیسن سروسز گلی حاجی عبدالعزیز باغبانپورہ
کیور ٹیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) ربوہ فون ۷۷۱، ۶۰۶

طلائی و نقرئی زیورات کی معیاری دوکان
الحمد جیولرز
اقصیٰ روڈ ربوہ

• قدیمی • اولین • شہرہ آفاق
سنہ ۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام
دواخانہ حکیم نظام جان
چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ۔ فون ۷۳۹۹۷
برانچیں
• کراچی: فون: ۴۱۳۲۵۱
• لاہور: 1-D-3 گلشن راوی
• ملتان: چوک جان محمد معصوم شاہ روڈ
• منڈی بہاؤالدین: بالمقابل شاہ تاج شوگر ملز
• رحیم یار خان: فون: ۴۷۹۹
• ربوہ: اقصیٰ چوک کالج روڈ فون نمبر ۵۵۸